**<u>چیدہ چیدہ شرائط، ضوابط برائے ٹھیکہ رکشہ فیس تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات برائے عرصہ ایک سال ازیکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027.</u>**

1) ٹھیکہ کی معیاد **ایک سال** ہوگی یعنی **ازیکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 تک۔**

2) بولی میں حصہ لینے کے خواہش مند ٹھیکہ دار مبلغ:۔**/16000 روپے** بصورت بنک ڈرافٹ /کال ڈیپازٹ بنام تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات پیشکش /بولی دینے سے پہلے بمعہ رجسٹریشن کاپی اور شناختی کارڈ جمع کریگا۔اور ناکام بولی دہندہ کو زربیعانہ 7 دن کی بعد واپس کیا جائیگا۔ بولی میں حصہ لینے والا رجسٹرڈ ٹھیکہ دار ان لائن (E-Auction /E-Baldia ) کے زریعے اپنا پیشکش اشتہارکی مطابق مقررہ تاریخ.وقت تک دے سکتا ہے۔ مقررہ وقت ختم ہونے کے بعد پیشکش وصول نہیں کیجائیگی۔ بولی میں حصہ لینے والا ٹھیکیدار نیلامی سے دو دن پہلے کال ڈیپازٹ اور دیگر تفصیلا ت ویب سائٹ پر درج/ اپلوڈ کریگا۔ جعلی اور غلط تفصیلات کی صورت میں ٹھیکیدار کی خلاف قانونی کارروائی کیجائیگی۔

3) (E-Auction /E-Baldia )میں حصہ لینے والے /پیشکش دینے والے ٹھیکدار /فرم محکمہ کی ویب سائٹ **<u>cfmis.lgkp.gov.pk</u>** پر ان لائن بولی میں حصہ لیکر اپنا پیش کش دی سکتا ہے۔

4) معقول سب سے زیادہ بولی جو کہ پچھلے /گذشتہ سال کی امدنی / بولی کے مقابلے میں دس فیصد 10% اضافہ یا نمایاں اضافی کی عکاسی کرتے ہے۔سب سے زیادہ بولی لگانے والا 15% فیصد ایڈوانس اور5% فیصد سیکورٹی تین (3) دنوں کے اندر جمع کریگا۔

5) نیلامی کی اختتام پر کامیاب بولی دہندہ کو عارضی ایوارڈ یافتہ سمجھا جائے گا۔اور سات دن میں کارروائی مکمل کرکے معاہدہ عمل میں لایا جائیگا۔

6) پیش رقم جمع کرنے میں ناکامی یا مقررہ وقت کے اندر معاہدہ پر عمل درآمد نہ کرنے کی صورت میں بولی منسوخ کی جائیگی۔اور زربیعانہ بحق TMA ضبط کر کے پالیسی کی شق نمبر 11 کی تحت دوسرے سب سے زیادہ بولی دینے والے کو سب سے زیادہ موصول شدہ بولی کی حساب سے پیشکش کیا جائیگا۔

7) کامیاب بولی دہندہ کا 15% فیصد ایڈوانس اور5% فیصد سیکورٹی 30 جون 2027 تک تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات کے پاس جمع رہیگا۔جو کہ مکمل حساب کتاب کے بعد واپس کی جائیگی۔

8) ٹھیکدار کل زرٹھیکہ (11)گیارہ مساوی اقساط میں جمع کرنے کاپابند ہوگا اور **پہلی قسط ماہ اگست 2026** کے 5 تاریخ تک جمع کریگا ۔اسی طرح ٹھیکدار ہر ماہوار قسط ہر مہینے کی 5 تاریخ تک جمع کرنے کا پابند ہوگا ۔ 10 تاریخ تک قسط جمع نہ کرنے کی صورت میں ٹھیکدار پر 2 فیصد یومیہ کے حساب سے جرمانہ عائد ہوگا اور 10 تاریخ تک قسط بمعہ جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں پالیسی کی مطابق کارروائی کرکے ٹھیکہ منسوخ کرکے ٹھیکدارکے جملہ جمع کردہ رقومات بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات ضبط کرکے ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا۔اور ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔

9) ٹھیکدار کو اس وقت تک ٹھیکہ کا باقاعدہ چارج نہیں دیا جائیگا۔ جب تک وہ معاہدہ نامہ پر دستخط نہ کرے۔

10) ٹھیکدار ہر ماہوار قسط بصورت نقد/کال ڈیپازٹ /بنک ڈرافٹ داخل کریگا۔ چیک ناقابل قبول ہوگا۔

11) وہ حضرات جن کے زمہ حکومت /صوبائی حکومت / تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) کے بقایاجات ہو یا حکومت نے بلیک لسٹ قرار دیا ہو۔ وہ،ان کا نمائندہ ،رشتہ دار بولی میں حصہ نہیں لے سکتے۔

12) ٹھیکہ قطعی نا قابل انتقال ہے۔ اور نہ ہی کوئی غیر متعلقہ شخص / فرم ٹھیکہ چلانے کا حقدار ہوگا۔اگر ٹھیکدار خود وقت مقررہ سے پہلے ٹھیکہ چھوڑتا ہے یا ٹھیکہ چلانے میں دلچسپی نہ رکھتا ہو۔ تو ایسی صورت میں ٹھیکدار کے جملہ جمع کردہ رقومات بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن(بریکوٹ) ضبط کرکے ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا۔اور ٹھیکیدار پر 10% ٹھیکہ کی رقم کی حساب سے جرمانہ عائد کیا جائیگا۔ اور ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائے گا یا ٹھیکہ کی وصولی محکمانہ ہوگی۔دونوں صورتوں میں ٹھیکہ کی رقم میں جو بھی کمی اجائے وہ پہلے ٹھیکدار کے منقولہ ،غیر منقولہ جائیداد سے پوری کیجائیگی۔

13) ٹھیکدار تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن(بریکوٹ) سوات کو دو معزز ،معتبر ،صاحب جائیداد ،مقامی اشخاص کی ضمانت دے گااور جائیداد کی ملکیتی ثبوت فراہم کریگا۔ جن کی جائیداد کی مالیت ٹھیکہ کی رقم کی برابر ہو۔ جو کہ باقاعدہ درجہ اول مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ ہو ۔

CS CamScanner

14) کسی بھی حالات یا ٹھیکہ میں نقصان کی صورت میں ٹھیکدار کسی قسم کی رعایت کا مستحق نہ ہوگا۔ اگر ٹھیکدار کسی بھی وجہ سے نقصان اٹھائے ۔تو اس صورت میں ٹی ایم اے ( بریکوٹ) سوات زمہ دار نہ ہوگی۔

15) تحصیل میونسپل آفیسر ، تحصیل آفیسر ریگولیشن اور دیگر مجاز آفسران ٹھیکدار کے حسابات کی جانچ پڑتال کر سکتے ہیں۔

16) ٹھیکدار حکومت کے وضع کردہ پالیسی کے تحت انکم ٹیکس ودیگر ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا ۔جو کہ وفاقی حکومت اور صوبائی حکومت کی طرف سے عائد ہو۔

17) حکومت/صوبائی حکومت تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات جب چاہے۔ ٹھیکہ واپس لے سکتا ہے۔

18) اگر فریقن کے درمیان کسی وجہ تنازعہ پیدا ہوجائے۔ تو ایسی صورت **Arbitration Act 1940** کے تحت **ریجنل میونسپل آفیسر** بطور ثالث فیصلہ کریگا اور ان کا ثالثی فیصلہ آخری اور حتمی ہوگا۔ جسے کسی عدالت میں چلنج نہیں کیا جائیگااور بدوران تنازعہ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کے ماہانہ قسط باقاعدہ گی سے جمع کریگا۔

19) وہ حضرات جنہوں نے **سال 2026-27** کیلئے رجسٹریشن کرایا ہو۔ بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

20) ٹھیکدار صرف رکشہ اسٹینڈ/اسٹاپ پر گاڑیاں کنٹرول کرنے اور نمبرز کے اندراج کا بندوبست تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات کی ہدایت کی مطابق کریگا۔ جس کیلئے ٹھیکدار تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات کی منظوری سے اپنے تنخواہ پر ملازمین مقرر کریگااور باقاعدہ ٹھکیدار تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات کو زاتی ملازمین کی جملہ کوائف فراہم کریگا۔ ٹھیکدار کو رکشوں کی کنٹرول ،نمبرز کی اندراج کی کوئی مزید فیس وصول کرنے یا مقرر کرنے کی اختیار و اجازت نہ ہوگی۔

21) **تحصیل بریکوٹ کے ہر رکشہ اسٹینڈ/اسٹاپ میں رکشے پہلے آؤ پہلے جاؤ کے بنیاد پر** چلی گی۔ ٹھیکدار اس میں دخل مداخلت یا روکاوٹ پیدا نہیں کریگا اور نہ ہی اپنی طرف سے کوئی طریقہ کار بنائے گا۔ اس سلسلے میں ٹھیکدار تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات کے جاری ہونے والے ہدایت ،احکامات کا پابند ہوگا۔

22) ٹھیکدار **ارکشہ اسٹینڈ/اسٹاپ** میں تحصیل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات کی اجازت کی بغیر اپنے مرضی سے کسی قسم کی ردوبدل نہیں کرسکتا۔

23) **تحصیل بریکوٹ** میں ہر مقام کیلئے رکشہ کے نوعیت کے مطابق ایک **رکشہ اسٹینڈ/اسٹاپ** مقرر ہیں۔ ٹھیکدار کو اختیار حاصل نہیں ہے۔کہ وہ اس میں علیحدہ **اسٹینڈ/اسٹاپ** ے قائم کریں اور آڈہ سے ،جو رکشہ جس طریقہ کار سے پہلے چلتی تھی۔ اس کی مطابق چلی گی۔ اس میں کسی قسم کا **اضافی اسٹینڈ/اسٹاپ** قائم نہیں کریگا۔ اور نہ ہی مزید رکشے کا اضافہ کیا جائے گا۔ البتہ عوام کی سہولیت اور تقاضے پر نئی سروس کا اغاز کے لیے بریکوٹ TMA (بریکوٹ) قانونی طریقہ کار کی مطابق پیش رفت کریگا۔

24) ٹھیکدار پابند ہوگا۔ کہ مسافروں کو ضروریات کے مطابق ہر قسم کی سہولیات جو کہ آڈہ کے اندر درکار ہو۔ پہنچائے گا۔

25) اگر بدوران ٹھیکہ یا منظوری سے پہلے حکومت /صوبائی حکومت نے رکشہ فیس یا ٹھیکہ کے متعلق جو بھی احکامات ،ہدایت جاری کی تو ٹھیکدار اس کا پابند ہوگا ۔تو اسی صورت میں ٹھیکدار کسی قسم کی قانونی چارہ جوئی کا حق نہیں رکھے گا۔

26) ٹھیکدار منظور شدہ شیڈول پر وصولی کریگا۔ زیادہ وصولی کیصورت میں ٹھیکدار سے گیارہ گنا بطور جرمانہ وصول کیا جائیگا ۔اگر ٹھیکدار باربار زیادہ وصولی کرتا ہوا پایا گیا۔ تو مجاز اتھارٹی کی منظوری سے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

27) ٹھیکدار اپنے ایجنٹ مقرر کرنے کیلئے تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات کے مجاز اتھارٹی سے منظوری لینے کا پابند ہوگا۔

28) رکشہ **اسٹینڈ/اسٹاپ** میں شکایات اور اعتراضات/ تجاویز کے لیے ایک بکس رکھاجائیگا۔ تاکہ عوام سے شکایت ،آراء ،تجاویزحاصل کی جاسکے۔ جن پر عمل درامد کو یقینی بنایا جائے گا۔ ٹھیکدار اس سلسلے میں کوئی مداخلت نہیں کریگا۔

29) ٹھیکدار فیس وصولی کیلئے باقاعدہ رسید جاری اور اسکا باقاعدہ حساب رکھے گا۔

30) **ٹھیکدار صرف تحصیل بریکوٹ کی حدودِ اختیار میں ہر قسم کے رکشوں سے وصولی کا پابند ہوگا۔**

CS CamScanner

31) اگر بدوران ٹھیکہ رکشہ فیس کی متعلق کسی عدالت میں کیس زیر سماعت ہو یا دائر کیا جائے۔ اس دوران ٹھیکدار کسی قسم کا کلیم کا حقدار نہ ہوگا اور عدالت جو فیصلہ کریگا۔ ٹھیکدار اس کا پابند ہوگا۔

32) ٹھیکدار اڈہ کے حدودات میں سیکورٹی کے پیش نظر حفاظتی انتظامات کرنے کا پابند ہوگا۔

33) اگر فیس دہندہ بغرض چوری فیس ادا نہ کریں۔ تو ایسی صورت میں ٹھیکدار فیس دہندہ سے گیارہ (11) گنا فیس بطورجمانہ وصول کریگا۔ جس کا ادھا حصہ ٹی ایم اے (بریکوٹ) سوات کا ہوگا۔

34) ٹھیکدار کو حدود لاری آڈہ میں کسی قسم کی تعمیر مثلا دکان ،چھپر وغیرہ بنانے کی اجازت نہ ہوگی ۔نیز ٹھیکدار ٹیلفون بل، بجلی بل ،دفتر وغیرہ کے کرایہ کا خود زمہ دار ہوگا۔

35) جنرل بس سٹینڈرکشہ / اسٹینڈ/اسٹاپ کے اندر دکانات /کیبیز /کینٹنز/لیٹرین/دفاتر /سروس اسٹیشن کے الاٹمنٹ کا اختیار تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات کے پاس ہوگااور اس سے ہونے والے آمدنی ٹی ایم اے (بریکوٹ) سوات کی ہوگی ۔ ٹھیکدار کا اس پر کوئی حق نہ ہوگا۔

36) اگر بدوران ٹھیکہ یا تواگلی سے پہلے موجودہ جنرل بس رکشہ / اسٹینڈ/اسٹاپ سٹینڈ کسی اور جگہ منتقل ہو یا کرنا پڑے یا آڈہ میں تعمیراتی کام کرنے کی ہدایت جاری ہوئے ۔تو اسی صورت میں ٹھیکدار ہدایات پر عمل کریگا۔اور کسی قسم کا مداخلت نہیں کریگا۔اور نہ ہی ٹھیکدار کسی قسم کی کلیم نہ کریگا۔

37) اگر بدوران ٹھیکہ حکومت /صوبائی حکومت / تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات نے ٹیکس کی شرح میں ایذاگی کی تو اسی تناسب سے ٹھیکہ کی رقم میں اضافہ کیا جائیگا۔ ٹھیکدار اس کا پابند ہوگا۔

38) اگر ٹھیکدار اور فیس دہندہ کے درمیان تنازعہ پیدا ہو جائے ۔ تو ایسی صورت میں تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

39) ٹھیکدار حکومت /صوبائی حکومت / تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات کے طرف سے ٹھیکہ کی متعلق جاری ہونے والے تمام ہدایت واحکامات کا پابند ہوگا اور کسی قسم قانونی چارہ جوئی کا حقدار نہ ہوگا۔

40) ٹھیکہ کے متعلق جملہ عدالتی /قانونی چارہ جوئی کی اخراجات ٹھیکدار پر ہوگی۔

41) ٹھیکدار Covid-19اور دیگر وباء/امراض کیصورت میں حکومتی SOPsپر عمل درامد کرنے کا پابند ہوگا۔

42) ٹھیکدار صوبائی حکومت کی طرف سے جاری شدہ پالیسی گائیڈ لائن/شرائط ،ضوابط بروئے چھٹی نمبرAO-II/LCB/6-11/2026 بورخہ 07/05/2026 کا پابند ہوگا۔

43) درجہ بالا شرائط میں کسی بھی شرط کے خلاف ورزی کیصورت میں ٹھیکدار کے ایڈوانس سیکورٹی اور جملہ جمع کردہ رقومات بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن (بریکوٹ) سوات ضبط کرکے ٹھیکہ منسوخ کیا جائیگا۔ اور بلیک لسٹ کرنے کے لیے مجاز اتھارٹی کو سفارش کیا جائیگا اور ٹھیکہ کو دوبارہ نیلام کیا جائیگا یا ٹھیکہ کی وصولی محکمانہ ہوگی دونوں صورتوں میں ٹھیکہ کی رقم میں جو بھی کمی اجائے وہ پہلے ٹھیکدار کے منقولہ ،غیر منقولہ جائیداد سے پوری کیجائیگی اور ٹھیکدار کسی قسم کی قانونی چارہ جوئی کا حقدار نہ ہوگا۔

Tehsil Municipal Officer
Barikot (Swat)

تحصیل میونسپل آفیسر
ٹی ایم اے (بریکوٹ) سوات

تحصیل آفیسر ریگولیشن
ٹی ایم اے (بریکوٹ) سوات

CamScanner